Total printed Page: 7]　　　　　　　　Roll No................

MAUL-202

Tarjuma Nigari Aur Ablaghiyat

M.A. Urdu (MAUL-12/16/17)

Second Year Examination, 2019

Time : 3 Hours　　　　　　　　　　Max. Marks : 80

ہدایات:۔ یہ پرچہ تین حصوں الف، ب اور ج پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے

سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

(حصہ الف)

مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے نمبر 19 ہیں۔　　19x2=38

1۔ ذیل کے کسی اقتباس کا ترجمہ اردو سے ہندی یا انگریزی سے اردو میں کیجئے۔

”ڈاکٹر ذاکر حسین نہ صرف ایک عظیم دانشور بلکہ شریف انسان بھی تھے۔ آپ کی ساری زندگی تجربات سے پُر تھی۔ آپ ماہر تعلیم، رہنما اور محب وطن ہونے کے ساتھ ساتھ ایک دین دار مسلمان بھی تھے۔ آپ ہندوستانی ثقافت کا نمونہ ، قومی اتحاد کی علامت اور جنگ آزادی کے مجاہد تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی قوم اور وطن کی تعلیم، ترقی اور خوشحالی کے لئے وقف کردی تھی۔

قیام جرمنی کے دوران برلن یونیورسٹی سے نہ صرف اقتصادیات پر تحقیقی مقالہ پیش کرکے ڈاکٹریٹ کی ڈگری لی بلکہ جرمنی اور دوسرے ملکوں کی تہذیب و تمدن بالخصوص ان کے تعلیمی نظام کا گہرا مطالعہ بھی کیا۔ نیز کئی اہم تصانیف اور کتابوں کے ترجمے بھی کئے۔

ڈاکٹر صاحب کا مطالعہ مشاہدہ اور تجربہ بہت وسیع اور انداز اظہار بہت منفرد تھا۔ آپ نے کثرت سے سفر بھی کئے“۔

یا

Cleanliness is a good habit which everyone should have to have healthy life and standard life style, our Prime minister has started a cleanliness campaign called "Clean India" or "Swachh Bharat Abhiyan". We should understand that cleanliness it not only responsibility of our Prime Minister however. It is the responsibility of each and every person living on this earth. We conjointly should actively participate in this campaign for the healthy lives of all of us.

2۔ ابلاغ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اقسام پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

3۔ اردو میں ترجمے کے آغاز وارتقا پر مفصل نوٹ لکھئے۔

4۔ ہندوستان میں ریڈیو کے آغاز وارتقا پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

(حصہ ب)

مندرجہ ذیل میں سے صرف چار سوالوں کا جواب دیجئے۔ ہر سوال آٹھ نمبر کا ہے۔ 8x4=32

1۔ فنی نقطہ نظر سے ترجمے کی کتنی قسمیں ہیں؟ واضح کیجئے۔

2۔ اخبار میں اشتہارات کی اہمیت و افادیت واضح کیجئے۔

3۔ لفظ ٹیلی ویژن کے معنی کی وضاحت کرتے ہوئے اس کی اہمیت و افادیت بیان کیجئے۔

4۔ ڈاکو منٹری کی وضاحت کرتے ہوئے ریڈیو ڈاکو منٹری کے اصول و ضوابط بیان کیجئے۔

5۔ منظوم ترجمے کے تقاضے کیا ہیں؟ مدلل لکھئے۔

6۔ نامہ نگاری کے اصول اور نامہ نگاروں کی اقسام پر روشنی ڈالئے۔

7۔ ترجمے کے دوران پیش آنے والے مسائل پر روشنی ڈالئے۔

8۔ اردو ترجمے کے دو اہم اداروں کا تعارف کرائیے۔

(حصہ ج)

مندرجہ ذیل سبھی دس معروضی سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے لئے ایک نمبر مختص ہے، صحیح جواب تحریر کیجئے۔ 10x1=10

1۔ ٹیلی فون کا موجد کون ہے؟

(الف) سیموئل مورس (ب) الفریڈ ویل

(ج) میکس ویل (د) گراہم بیل

2۔ عوامی ابلاغ کے اجزائے ترکیبی کتنے ہیں؟

(الف) چار (ب) تین

(ج) چھ (د) آٹھ

3۔ ''تاریخ صحافت اردو'' کا مصنف کون ہے؟

(الف) نادر علی خان (ب) امداد صابری

(ج) انور دہلوی (د) سید اقبال قادری

4۔ ''دارالترجمہ عثمانیہ'' کس شہر میں قائم ہوا؟

(الف) کلکتہ (ب) لکھنؤ

(ج) دہلی (د) حیدرآباد

5۔ ''ترجمہ کا فن اور روایت'' کے مرتب کون ہیں؟

(الف) خلیق انجم (ب) قمر رئیس

(ج) عنوان چشتی (د) تنویر احمد علوی

6۔ کس اردو صحافی کو انگریزوں نے گولی مار کر شہید کیا تھا؟

(الف) مولوی محمد باقر (ب) مفتی سجاد حسین

(ج) عبدالمجید سالک (د) محمد دین تاثیر

7۔ سید اقبال قادری کی کتاب کا نام کیا ہے؟

(الف) اردو صحافت (ب) رہبر اخبار نویسی

(ج) صحافت پاک و ہند میں (د) اردو صحافت کی تاریخ

8۔ ”ہندوستانی اخبار نویسی کمپنی کے عہد میں“ کس کی تصنیف ہے؟

(الف) محمد عتیق صدیقی (ب) محمد افتخار کھوکھر

(ج) عبد السلام خورشید (د) کمال احمد صدیقی

9۔ آل انڈیا ریڈیو کا پہلا نام کیا تھا

(الف) بمبئی ریڈیو کلب (ب) مدراس پریسیڈنسی ریڈیو کلب

(ج) انڈین براڈکاسٹنگ کمپنی (د) انڈین براڈکاسٹنگ سروس

10۔ سوپ اوپیرا کس ذریعہ ابلاغ کی صنف ہے؟

(الف) سنیما (ب) ریڈیو

(ج) ٹیلی ویژن (د) تھیئٹر

****